28اگست، 2012

عوام 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ
یکم اکتوبر 2012ء تک تبدیل کرالیں، اسٹیٹ بینک کی یاددہانی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو یاددہانی کرائی ہے کہ وہ 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ ملک بھر میں قائم ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اور کمرشل بینکوں کی 10 ہزار سے زائد شاخوں سے یکم اکتوبر 2012ء کو بینکاری اوقات کے اختتام تک تبدیل کرالیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان/ایس بی پی بی ایس سی مندرجہ بالا مقررہ تاریخ کے بعد نہ تو یہ بینک نوٹ تبدیل کرے گا اور نہ ہی اس کی قیمت کسی فرد یا بینک کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

یاد رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ کی قانونی حیثیت پہلے ہی ختم کی جا چکی ہے چنانچہ اس نوٹ کو قانونی طور پر لین دین کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا، تاہم اس نوٹ کو یکم اکتوبر 2012ء تک ایس بی پی بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر اور بینکوں کی شاخوں سے تبدیل کرایا جا سکتا ہے۔

☆☆☆